10031 ـ دس فيصد سےزيادہ منافع لينا

سوال

كيا تاجركو مال پر دس فيصد سےزيادہ منافع لينا جائزہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

شرعي طور پر تاجر كےليے تجارت ميں نفع كي نسبت اورمقدار مقرر نہيں ليكن مسلمان كےليے يہ جائز نہيں كہ وہ خريدار كو دھوكہ دے، اور وہ اسے اس ريٹ پر سواد فروخت كرے جومارکيٹ ميں معروف نہيں ، بلكہ مسلمان كے ليے مشروع ہےكہ وہ نفع ميں مہنگائي نہ كرے، بلكہ اسے خريدوفروخت كرتے وقت نرم اور آسان رويہ اختيار كرنا چاہيے، اس ليے كہ نبي كريم صلي اللہ عليہ وسلم نے لين دين ميں نرمي برتنےپر ابھارا ہے.